विषय कोड :
Subject Code : **107/207/307**

| 107- | प्रश्न पुस्तिका क्रमांक<br>Question Booklet Serial No. |
|---|---|

# INTERMEDIATE EXAMINATION - 2021

प्रश्न पुस्तिका सेट कोड
Question Booklet Set Code
**F**

## (ANNUAL)

# LL-URDU (COMPULSORY)

## I. Sc., I. Com. & I.A.

कुल प्रश्नों की संख्या : 100 + 7 = 107
**Total No of Questions : 100 + 7 = 107**

कुल मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 24
**Total No. of Printed Pages : 24**

(समय : 3 घंटे 15 मिनट)
[ Time : 3 Hours 15 Minutes ]

(पूर्णांक : 100)
[ Full Marks : 100]

***Instructions for the candidate :***

1. ***Candidate must enter his / her Question Booklet Serial No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet.***
2. *Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable.*
3. *Figures in the left hand margin indicate full marks.*
4. *15 minutes of extra time has been allotted for candidates to read the questions.*
5. *This question paper is divided into two Sections.* ***Section-A*** *and* ***Section-B***.
6. *In* ***Section-A****, there are* ***100 objective type questions****, each carrying* ***1 mark*** *out of which only* ***50 questions are to be answered****. Darken the circle with* ***blue/black ball pen*** *against the correct option on* ***OMR*** *Sheet provided to you. If more than 50 questions are answered,* ***only first***



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - A

درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ پچاس سے زیادہ کے جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ کئے جائیں گے : 50 × 1 = 50

1. ''کاش کہ وہ آتا'' کس فعل کی مثال ہے ؟

(A) ماضی قریب (B) ماضی شکیہ

(C) ماضی تمنائی (D) ماضی مطلق

2. معنی کے اعتبار سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) چار (B) تین

(C) دو (D) پانچ

3. ماضی ناتمام کی ایک مثال دیجیے ؟

(A) وہ گیا (B) وہ جاتا تھا

(C) وہ جاچکا ہے (D) وہ گیا تھا

4. عذاب کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) ثواب (B) صواب

(C) شباب (D) شتاب

5. ان میں سے مذکر کی نشاندہی کیجئے ؟

(A) تعلیم (B) خوشبو

(C) بدبو (D) اخبار



BiharboardQuestionpaper.com

6. اکبرالہ آبادی کس پرچے کے نورتنوں میں شامل ہیں ؟

(A) نگار
(B) زمانہ
(C) الپنچ
(D) اودھ پنچ

7. نظم ''برق کلیسا'' کے خالق کا نام بتایئے ؟

(A) جوش ملیح آبادی
(B) اکبرالہ آبادی
(C) جگر مرادآبادی
(D) دلاور فگار

8. متشاعر کس کام سے کبھی نہیں تھکتا ہے ؟

(A) شاعری سے
(B) سفر سے
(C) جی حضوری سے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

9. ''مرزا نوشہ'' کسے کہا جاتا ہے ؟

(A) میرؔ
(B) مومن
(C) دردؔ
(D) غالب

10. مرزا غالب کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) دہلی
(B) آگرہ
(C) رامپور
(D) لکھنؤ

11. نذیر احمد، فرحت اللہ بیگ کے کون تھے ؟

(A) شاگرد
(B) والد
(C) استاد
(D) چچا



BiharboardQuestionpaper.com

12. ناول "مراۃ العروس" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد
(B) عبدالحلیم شرر
(C) پریم چند
(D) کرشن چندر

13. ناشتہ کس کی اصطلاح ہے ؟

(A) بھوک لگنے کی
(B) بھوک اڑانے کی
(C) بھوک توڑنے کی
(D) بھوک مٹانے کی

14. انشائیہ کیا ہے ؟

(A) ناول کی قسم
(B) مضمون کی قسم
(C) افسانہ کی قسم
(D) داستان کی قسم

15. وزیر آغا کے ایک انشائیوں کے مجموعہ کا نام لکھیے ؟

(A) بلائے حسن
(B) چند انشائیے
(C) انشائیہ اور انشائیے
(D) چوری سے یاری تک

16. احمد جمال پاشا کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1928ء
(B) 1929ء
(C) 1930ء
(D) 1932ء

17. فورٹ ولیم کالج کہاں قائم کیا گیا تھا ؟

(A) دہلی
(B) حیدرآباد
(C) رامپور
(D) کولکاتہ



BiharboardQuestionpaper.com

18. باغ و بہار میں کتنے درویشوں کے قصے بیان کیے گئے ہیں ؟

(A) دو (B) ایک

(C) چار (D) تین

19. فکشن کی سب سے مختصر صنف کسے کہتے ہیں ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) داستان (D) ڈرامہ

20. کون سی نثری صنف چاول پر قل ھو اللہ لکھنے کا فن ہے ؟

(A) داستان (B) ناول

(C) افسانہ (D) انشائیہ

21. علی سردار جعفری کو گیان پیٹھ ایوارڈ کب ملا ؟

(A) 1990ء (B) 1993ء

(C) 1995ء (D) 1997ء

22. ان میں نظم نگاری کی حیثیت سے کس شاعر کو تسلیم کیا گیا ہے ؟

(A) فائز دہلوی (B) شاد عظیم آبادی

(C) نظیر اکبر آبادی (D) میر انیس



BiharboardQuestionpaper.com

23. ''کھیتی'' کس کی نظم ہے ؟

(A) علی سردار جعفری (B) عمیق حنفی

(C) ظفر کمالی (D) اکبرالہ آبادی

24. ''برق کلیسا'' کس شاعر کی تخلیق ہے ؟

(A) اقبال (B) اکبرالہ آبادی

(C) علی سردار جعفری (D) عمیق حنفی

25. اکبرالہ آبادی کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1920ء (B) 1921ء

(C) 1822ء (D) 1823ء

26. ''رنج کا خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج'' یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے ؟

(A) مجازؔ (B) غالبؔ

(C) فیضؔ (D) میرؔ

27. یگانہ چنگیزی نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ کہاں گذارا ؟

(A) دلّی (B) عظیم آباد

(C) الہ آباد (D) لکھنؤ



BiharboardQuestionpaper.com

28. ''کاغذی پیرہن'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) غالب

(B) خلیل الرحمٰن اعظمی

(C) عمیق حنفی

(D) علی سردار جعفری

29. درج ذیل میں خلیل الرحمٰن اعظمی کی تصنیف کون ہے ؟

(A) اردو ادب کی تاریخ

(B) ترقی پسند شاعری

(C) نیا ادب

(D) اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک

30. عطا کاکوی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے ؟

(A) غم راشد

(B) غم رشد

(C) غم مرشد

(D) غم ارشد

31. نصاب میں شامل نظم ''ہم نہیں جانتے'' کا ترجمہ کس زبان سے کیا گیا ہے ؟

(A) انگریزی

(B) جرمن

(C) اطالوی

(D) فرینچ

32. ''مجھے دل کی خطا پر یاسؔ ............ نہیں آتا'' مناسب لفظ سے مصرعہ مکمل کیجئے ؟

(A) گھبرانا

(B) شرمانا

(C) اترانا

(D) جھلّانا



BiharboardQuestionpaper.com

33. یگانہ چنگیزی کی وفات کہاں ہوئی ؟

(A) عظیم آباد
(B) دہلی
(C) آگرہ
(D) لکھنؤ

34. ان میں سے کون شاعر عظیم آبادی نہیں ہے ؟

(A) راسخ
(B) یگانہ
(C) ناسخ
(D) شاد

35. ''خوشی میں اپنے قدم چوم لوں تو زیبا ہے'' یہ مصرعہ کس شاعر کا ہے ؟

(A) آتش لکھنوی
(B) راسخ عظیم آبادی
(C) شاد عظیم آبادی
(D) یگانہ چنگیزی

36. درج ذیل میں خلیل الرحمٰن اعظمی کی تصنیف کون ہے ؟

(A) اردو ادب کی تاریخ
(B) ترقی پسند شاعری
(C) نیا ادب
(D) اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک

37. اردو شاعری میں تاریخ گوئی کی روایت کس شاعری کے توسط سے آئی ؟

(A) عربی شاعری
(B) فارسی شاعری
(C) ہندی شاعری
(D) ترکی شاعری

38. ''غم ارشد'' کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) قطعات
(B) قطعہ تاریخ
(C) مرثیہ
(D) رباعی



BiharboardQuestionpaper.com

39. گریز کا تعلق کس صنف شاعری سے ہے ؟

(A) غزل (B) قصیدہ

(C) مرثیہ (D) رباعی

40. ''تشبیب'' کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) مثنوی (B) قصیدہ

(C) مرثیہ (D) رباعی

41. نذیر احمد کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) ناول (B) افسانہ

(C) خاکہ (D) سوانح نگاری

42. آگ، ہوا، پانی اور مٹی میں سب سے کمتر کس کو سمجھا جاتا ہے ؟

(A) آگ (B) ہوا

(C) مٹی (D) پانی

43. ان میں کون سی تخلیق افسانہ نہیں ہے ؟

(A) نذیر احمد کہانی (B) پرامس

(C) ابراہیم سقّہ (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

44. سید سلیمان ندوی کس کے شاگرد تھے ؟

(A) سر سید احمد خاں (B) شبلی نعمانی

(C) حالی (D) ابوالکلام آزاد



BiharboardQuestionpaper.com

45. وزیر آغا کی پیدائش کب ہوئی ؟

(A) 1922ء
(B) 1921ء
(C) 1924ء
(D) 1925ء

46. مضمون ''انشائیہ کیا ہے'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) وزیر آغا
(B) رشید احمد صدیقی
(C) پطرس بخاری
(D) فرحت اللہ بیگ

47. ''ہجرت'' کیا ہے ؟

(A) ناول
(B) افسانہ
(C) ڈرامہ
(D) انشائیہ

48. احمد جمال پاشا کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1985ء
(B) 1986ء
(C) 1987ء
(D) 1988ء

49. باغ و بہار کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) ناول
(B) داستان
(C) افسانہ
(D) انشائیہ

50. ''قصہ آزاد بخت کا'' کس کتاب کا حصہ ہے ؟

(A) فسانۂ عجائب
(B) باغ و بہار
(C) سب رس
(D) آرائش محفل



BiharboardQuestionpaper.com

51. سعادت حسن منٹو کی وفات کب ہوئی ؟

(A) 1956ء (B) 1954ء

(C) 1955ء (D) 1957ء

52. "پراس" کیا ہے ؟

(A) ناول (B) ڈرامہ

(C) مثنوی (D) افسانہ

53. ان میں سے کس افسانہ نگار کو ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ سے نوازا گیا ؟

(A) کرشن چندر (B) سعادت حسن منٹو

(C) سلام بن رزاق (D) شفیع جاوید

54. مولانا آزاد کا اصل نام کیا تھا ؟

(A) عظیم الدین (B) نعیم الدین

(C) محی الدین (D) جسیم الدین

55. رجب علی بیگ سرور سے کون سی کتاب منسوب ہے ؟

(A) گنج خوبی (B) فسانہ عجائب

(C) نوطرز مرصع (D) باغ و بہار



BiharboardQuestionpaper.com

56. لوک نائک کے نام سے کسے پکارا جاتا ہے ؟

(A) گاندھی جی
(B) پنڈت نہرو
(C) ڈاکٹر راجندر پرشاد
(D) جے پرکاش نارائن

57. بیدی کا پورا نام کیا تھا ؟

(A) مہندر سنگھ
(B) رام چندر سنگھ
(C) راجندر سنگھ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

58. رجب علی بیگ سرور کہاں کے باشندہ تھے ؟

(A) علی گڈھ
(B) کانپور
(C) لکھنؤ
(D) الہ آباد

59. ''عود ہندی'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے ؟

(A) اقبالؔ
(B) سرسیدؔ
(C) غالبؔ
(D) چکبست

60. نظم ''گفتگو'' کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

(A) جذبی
(B) فیض احمد فیض
(C) وزیر آغا
(D) علی سردار جعفری



BiharboardQuestionpaper.com

61. قصہ گوئی کی قدیم نثری صنف کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) داستان
(B) ناول
(C) افسانہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

62. ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اصل نام بتایئے ؟

(A) فضل دین
(B) ہری سنگھ
(C) ارجن سنگھ
(D) بش سنگھ

63. ''پرامس'' کس کا افسانہ ہے ؟

(A) جیلانی بانو
(B) عصمت چغتائی
(C) شکیلہ اختر
(D) شفیع جاوید

64. جرنلسٹ روی رنجن عزیر احمد کے کون تھے ؟

(A) پرانے دوست
(B) پرانے دشمن
(C) چچا
(D) بھائی

65. شفیع جاوید کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) پٹنہ
(B) گیا
(C) مظفر پور
(D) بھاگلپور

66. غبار خاطر کا تعلق کس صنف سے ہے ؟

(A) خطوط
(B) خاکہ
(C) انشائیہ
(D) افسانہ

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...
BiharboardQuestionpaper.com
अभी विजिट करें ..



BiharboardQuestionpaper.com

67. مولانا آزاد کے کتنے خطوط آپ کی کتاب میں شامل ہیں ؟

(A) ایک
(B) دو
(C) تین
(D) چار

68. ''میں یونیورسٹی میں'' کس کی خودنوشت ہے ؟

(A) احسان دانش
(B) احسان تابش
(C) حسن نظامی
(D) وزیر آغا

69. اردو کی پہلی خودنوشت کا نام بتایئے ؟

(A) اعمال نامہ
(B) کالا پانی
(C) اپنی تلاش میں
(D) ابھی سن لو مجھ سے

70. ملا وجہی کس کتاب کے مصنف ہیں ؟

(A) باغ و بہار
(B) سب رس
(C) رانی کیتکی کی کہانی
(D) نوطرز مرصع

71. فکر کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) فکر
(B) مفکر
(C) افکار
(D) تفکر

72. ''وہ ایک خوشحال شخص ہے'' اس جملہ میں سابقہ کیا ہے ؟

(A) وہ
(B) حال
(C) خوش
(D) ایک



BiharboardQuestionpaper.com

73. درج ذیل میں اسم آلہ کون ہے ؟

(A) سجاوٹ
(B) کتب خانہ
(C) کف گیر
(D) خوبصورت

74. ''نور'' کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) ظلمت
(B) روشنی
(C) خلوت
(D) اندھیرا

75. درج ذیل میں اسم فاعل کون ہے ؟

(A) قتل
(B) مقتول
(C) قاتل
(D) ان میں سے کوئی نہیں

76. روح کی صفت کیا ہوگی ؟

(A) ارواح
(B) روحانی
(C) روحانیت
(D) رومانی

77. حسین کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) جمال
(B) کمال
(C) جمیل
(D) خوبصورت

78. اسکول کیا ہے ؟

(A) اسم آلہ
(B) صفت
(C) اسم ظرف
(D) حاصل مصدر



BiharboardQuestionpaper.com

79. ''ناک میں دم کرنا'' کا مطلب کیا ہے ؟

(A) ناک میں دوا ڈالنا
(B) غرور کرنا
(C) پریشان ہونا
(D) بے پرواہونا

80. مناسب لفظ سے جملہ مکمل کیجئے : تم کہاں جاتے.......... ؟

(A) ہیں
(B) ہوں
(C) ہے
(D) ہو

81. عطا کاکوی کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

(A) بی بی پور
(B) کاکو
(C) دستہ
(D) ارول

82. ان میں سے کون شاعر ترقی پسند نہیں ہے ؟

(A) فیض احمد فیض
(B) علی سردار جعفری
(C) شاد عظیم آبادی
(D) مجاز لکھنوی

83. سودا کس حیثیت سے مشہور ہیں ؟

(A) مرثیہ گو
(B) قصیدہ گو
(C) غزل گو
(D) رباعی گو



BiharboardQuestionpaper.com

84. ''گلزار نسیم'' کیا ہے ؟

(A) قصیدہ
(B) داستان
(C) افسانہ
(D) مثنوی

85. شرم کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) بےشرم
(B) حیا
(C) عزت
(D) وفا

86. حال کی جمع کیا ہوگی ؟

(A) حالت
(B) احوال
(C) حالات
(D) حالاتوں

87. لاغر کی ضد کیا ہوگی ؟

(A) گربہ
(B) نرغہ
(C) فربہ
(D) زمرہ

88. شوق کا مترادف کیا ہوگا ؟

(A) ذوق
(B) لطف
(C) خوف
(D) شائق



BiharboardQuestionpaper.com

89. کلمہ کس کو کہتے ہیں ؟

(A) بے معنی لفظ کو
(B) بامعنی لفظ کو
(C) مہمل لفظ کو
(D) ان میں سے کوئی نہیں

90. ماضی ناتمام کی ایک مثال دیجئے ؟

(A) وہ گیا
(B) وہ جاچکا ہے
(C) وہ گیا تھا
(D) وہ جاتا تھا

91. ''کوارنٹین'' افسانہ میں کس وبا کا ذکر ہے ؟

(A) تپ دق
(B) ملیریا
(C) پلیگ
(D) نمونیہ

92. بیدی کب پیدا ہوئے ؟

(A) 1931ء
(B) 1915ء
(C) 1916ء
(D) 1914ء

93. کامل انقلاب کا تصور کس نے پیش کیا ؟

(A) جواہر لعل نہرو
(B) اندرا گاندھی
(C) جے پرکاش نارائن
(D) راجیو گاندھی

94. اردوئے معلیٰ کس کے خطوط کا مجموعہ ہے ؟

(A) مہدی افادی
(B) مرزا غالب
(C) مولانا آزاد
(D) سرسید احمد خان


BiharboardQuestionpaper.com

95. ان میں سے کون سی نظم علی سردار جعفری کی ہے ؟

(A) میرا سفر
(B) سفرنامہ
(C) جستجو
(D) میرا گھر

96. جدید اردو نظم کی روایتوں میں کس نظم کو اولیت حاصل ہے ؟

(A) دیوالی
(B) مسجد قرطبہ
(C) شب قدر
(D) عید

97. درج ذیل میں کون سی نظم عمیق حنفی کی ہے ؟

(A) متشاعر
(B) میرا سفر
(C) کھیتی
(D) گفتگو

98. وہ نام جو کسی خوبی یا خرابی کی بنا پر عوام کی طرف سے دیا جائے اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) خطاب
(B) لقب
(C) کنیت
(D) تخلص

99. ''مرزا اسداللہ خاں غالب'' میں غالب کیا ہے ؟

(A) لقب
(B) خطاب
(C) تخلص
(D) عرف

100. ان میں سے کون سا لفظ مذکر ہے ؟

(A) جوگن
(B) جنگ
(C) الجھن
(D) پرچم



BiharboardQuestionpaper.com

## SECTION - B

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : 1 × 8 = 8

(الف) دوستی

(ب) موبائل

(ج) مہاتما گاندھی

(د) بہار

(ہ) لاک ڈاؤن کا تجربہ

2. مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے : 2 × 2 = 4

(الف) کوتاہیوں کی اپنی میں تاویل کیا کروں
میرا ہر ایک کھیل مجھی سے بگڑ گیا

(ب) کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل
انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں

(ج) مصیبت کا پہاڑ آخر کسی دن کٹ ہی جائے گا
مجھے سر مار کر تیشے سے مر جانا نہیں آتا

(د) جی چاہتا تو بیٹھتا یادوں کی چھاؤں میں
ایسا گھنا درخت بھی جڑ سے اکھڑ گیا



BiharboardQuestionpaper.com

3. مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجئے : $1 \times 4 = 4$

''اگر کسی سیاست کے نتیجہ میں آپ نے ہجرت اختیار کی ہے یا ہجرت کا تاج آپ کے سر پر رکھ دیا گیا ہے جس میں ہاتھ کا ہو یا علاقائیت کا سیلاب آپ کو بہالے گیا ہو یا اب تک غیر کے پالے میں تھے اور اب آپ اغیاز کے نرغے میں ہیں تو پھر وطن بھی آپ کو راس نہ آیا اور غربت میں آپ کی حالت ایک بے جڑ کے پودے کی ہے۔''

یا

''اگر حالات کی رفتار قید و بند کا باعث ہوتی ہے تو اس حالت کی رکاوٹیں اور پابندیاں دوسروں کے لئے اذیت کا موجب ہوتی ہے۔ میرے لئے یکسوئی اور بخود مشغول کا ذریعہ بن جاتی ہیں اور کسی طرح بھی طبعت کا افسردہ نہیں کر سکتیں...... میں جب بھی قید خانہ میں سنا کرتا ہوں کہ فلاں قیدی کو قید تنہائی کی سزا دی گئی ہے تو حیران رہ جاتا ہوکہ تنہائی کی حالت آدمی کے لئے سزا کیسے ہو سکتی ہے۔''

4. اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں اُن سے کھیل کے سامان خرید نے کی گزارش کریں۔ $1 \times 5 = 5$

یا

اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں انہیں امتحان کی تیاری کے بارے میں بتایئے۔

5. درج ذیل سوالوں میں سے صرف پانچ کے مختصر جواب دیجئے : $5 \times 2 = 10$

(a) مولانا آزاد کس ملک میں پیدا ہوئے ؟

(b) انیس کا تعلق کس دبستان سے ہے ؟

(c) ویدانت کا فلسفہ وویکانند نے امریکہ کے کس شہر میں پیش کیا تھا ؟

(d) ولی نے شمالی ہند کے شعراء کو کس طرف راغب کیا ؟

(e) نظم ''ہم نہیں جانتے'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے ؟



BiharboardQuestionpaper.com

(f) ابراہیم سقہ کی موت کہاں ہوئی ؟

(g) افسانہ ''پرامس'' میں خواجہ بی کون تھیں ؟

(h) ''ہجرت'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے ؟

(i) متشاعر کن لوگوں سے دوگنا کماتا ہے ؟

(j) غالب کی غزل میں ''رنج سے خوگر'' ہونے سے کیا مراد ہے ؟

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجئے : 3 × 5 = 15

(a) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

(b) وزیر آغا یا سید سلیمان ندوی کا تعارف پیش کیجئے۔

(c) سلام بن رزاق یا جیلانی بانو سے اپنی معلومات ظاہر کیجئے۔

(d) غالب کی غزل گوئی کے متعلق پانچ جملے لکھئے۔

(e) مولانا ابوالکلام آزاد کی نثر نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(f) نظم ''برق کلیسا'' کا مرکزی خیال واضح کیجئے۔

7. درج ذیل عبارت کی تلخیص پیش کیجئے: 1 × 4 = 4

''مبارک نے بادشاہ کی طرف اپنی دل جمعی کر کے مجھے ساتھ لیا اور دئے تحفے لے کر آدھی رات کو شہر سے کوچ کیا اور اُتر کی سمت چلا۔ ایک مہینے تک پیہم چلا گیا۔ ایک روز رات کو چلے جاتے تھے۔ جو مبارک بولا کہ شکر خدا کا اب منزل مقصود کو پہنچے۔ میں نے سُن کر کہا کہ دادا یہ تو نے کیا کہا ؟ کہنے لگا : اے شہزادے! جنوں کا لشکر کیا نہیں دیکھا ؟ میں نے کہا : مجھے تیرے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا۔''

یا



BiharboardQuestionpaper.com

درج ذیل میں سے کسی ایک کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

(a) پرامِس

(b) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(c) کوارنٹین

बिहार बोर्ड के नए और पुराने ऑफिसियल क्वेश्चन पेपर, मॉडल पेपर, आंसर-की, पाठ्यक्रम, नोट्स, मॉक टेस्ट, सेंट-अप और प्रैक्टिकल परीक्षा प्रश्न पत्र आदि के लिए...

BiharboardQuestionpaper.com

अभी विजिट करें ..



BiharboardQuestionpaper.com